© rasailojaraid.com

اس حقیقت نے مسلمانوں کے بہت ذہین اور مقتدر طبقوں کو بھی بہت الجھایا ہے اور یوں ملت کے سامنے یہ سوال آ کھڑا ہوا ہے کہ اپنے دین کے اخلاقی، تمدنی اور سیاسی نظام کو برقرار رکھتے ہوئے جدید علوم سے کس طرح استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

اس کتاب کے فاضل مصنف نے اپنی اس بہت ہی قیمتی تصنیف میں اس مشکل ترین سوال کا قابلِ عمل حل تجویز کیا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ ہمارے فاضل لوگوں کے علاوہ عوام اور نوجوانوں کو بھی کرنا چاہیے۔

ترجمے کی معیاریت کی ضمانت پروفیسر سید محمد سلیم صاحب کا اسمِ گرامی ہے۔ کتاب کمپوٹرمی طباعت کی وجہ سے خوب صورت ہے، مگر غلطیاں رہ گئی ہیں۔ (سید نظر زیدی)

---

| ہمدرد نونہال، خاص نمبر | صدر مجلس ادارت حکیم محمد سعید صاحب۔ مدیر اعلیٰ مسعود احمد |
|---|---|

برکاتی۔ بچوں کے لیے باتصویر ماہنامہ، سالنامہ (۱۹۸۹ء)، صفحات: ۳۰۰۔
قیمت خاص نمبر ۱۲/ روپے۔ عام شمارہ: ۵/ روپے، سالانہ ۵۵/ روپے۔
پتہ: ہمدرد نونہال، ہمدرد ڈاک خانہ، ناظم آباد۔ کراچی ۷۴۶۰۰۔

محترم حکیم صاحب کی حکمت کے ساتھ جب ظرافت اور ان کی بزرگی کے ساتھ محبتِ اطفال شامل ہو جاتی ہے، نیز مسعود برکاتی صاحب کی برکت کام کرنے لگتی ہے تو ان سارے اجزا سے ایک نسخہ تیار ہو جاتا ہے ــــ "ماہنامہ ہمدرد نونہال"۔ اور جب سالنامے کا چیلنج سامنے آتا ہے تو کتنے ہی لکھنے والے بوڑھوں (جو پہلے بچے ہی تھے) اور بچوں کا تعاون اس کے صفحات کو گلہائے رنگا رنگ سے مالا مال کر دیتا ہے۔ سوچنے کی قوتیں، تعجب کا رجحان، استفہامیہ تڑپ، آگے بڑھنے اور زندگی میں کچھ کر دکھانے کی تمنائیں، تفریح اور مزاح کے جذبات، علم کی تڑپ ــــ نہ جانے کیا کیا قوتیں بچوں میں بیدار ہو جاتی ہیں۔ پرانی کہانیاں، نئے انکشافات، تازہ معلومات، ذہنی آزمائشیں، زبان کی تعلیم (آخر میں رسالے سے متعلق لغت کے صفحات)، صحت و علاج کے نسخات،

© rasailojaraid.com